چانسلر کا ضابطہ

نمبر: **D-180**
موضوع: **اسکول کی عمارتوں کا توسیعی استعمال**
زمرہ: **عملہ**
جاری کردہ: **22 دسمبر، 2022**

## تبدیلیوں کا خلاصہ

یہ چانسلر کے ضابطے D-180 مورخہ 22 جولائی، 2021 کو منسوخ کرتا ہے اور اسکی جگہ لیتا ہے۔

**تبدیلیاں:**

- مذہبی خدمات سے متعلق مشاورتی اور متعلقہ معاملات کو خارج کرتا ہے۔ جز (I.R)
- وضاحت کرتا ہے کہ پرنسپل کے اجازت ناموں کے تمام فیصلوں کا انحصار مہتممین کی ٹیموں اور مرکزی DOE (محکمئہ تعلیم) کے جائزے لینے پر منحصر ہوگا۔ جز (II.D)
- برو / شہرپیما دفاتر (BCOs) کے تمام حوالے جات کی تجدید کرتا ہے اور تشریح کو خارج کرتا ہے۔

چانسلر کا ضابطہ

نمبر: **D-180**
موضوع: اسکول کی عمارتوں کا توسیعی استعمال
زمرہ: **عملہ**
جاری کردہ: **22 دسمبر، 2022**

## تشریحات

**Beacon پروگرامز:**

نیویارک شہر محکمئہ نوجوانان اور اجتمائی فروغ دہی (DYCD) کے سرمایہ کردہ پروگرامز۔ Beacon اجتمائی مراکز کم از کم چھ (6) دن اور 42 گھنٹے فی ہفتہ دوپہر اور شام، ہفتہ اتوار، اسکول کی چُھٹیوں اور تعطیلات کے دورانیوں اور گرمیوں کے دوران منعقد ہوتے ہیں۔ Myriad اجتمائی پروگرامز طلبا اور رہائش پذیروں کو مفت پیش کیے جاتے ہیں۔

**نگران کی تنخواہ کا نظام (CPS):**

ایک آن لائن، خودکار نظام، جسے استعمال کی جگہ کی تعداد، جگہ کی نوعیت اور استعمال کے دن / وقت کی بنیاد پر نگران خدمات کے اخراجات کا حساب لگانے اور کاروائی کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔

**نگراں ادارہ:**

اسکول کا ایک نگراں انجینئیر / عمارتی منتظم یا انکا نامزد (نامزدگان)۔

**توسیعی استعمال:**

کسی اسکول، بیرونی تنظیموں اور / یا برادری پر مبنی تنظیموں (CBOs) یعنی "صارف" (استعمال کرنے والا) کا، اسکول کے معمول کے اوقات کار اور دن کے بعد جب اسکول کام نہیں کر رہا ہو (سیشن میں نہ ہو) (کلاسیں شروع ہونے سے قبل صبحیں یا کسی منظور شدہ ناشتہ پروگرام، دوپہر کے بعد، شام، ہفتہ اتوار اور تعطیلات)، کے دوران اس ضابطے کے مطابق اسکول عمارت کا استعمال کرنا۔

**توسیعی استعمال کا اجازت نامہ:**

اسکول کے معمول کے اوقات کار اور دن کے بعد جب اسکول کام نہیں کر رہا ہو تقریبات کے لیے جگہ محفوظ کرانے کے لیے ایک اجازت نامہ کا حصول لازمی ہے۔ اس اجازت نامے کی درخواست کو اسکول کے عملے کے ذریعے توسیعی استعمال کی ویب ایپلیکیشن تک رسائی حاصل کرکے اور آن لائن مکمل کیا جا سکتا ہے۔ صارف (استعمال کرنے والا) کو جگہ محفوظ کرانے کے لیے اس اجازت نامے کو مکمل کرنا اور دستخط کرنا لازمی ہے۔

**توسیعی استعمال کی درخواست کا طریقہ کار:**

ایک آن لائن نظام جو تنظیموں / صارفین کو ایک اسکول کی عمارت استعمال کرنے کی درخواست دینے کی باضابطہ اجازت دیتا ہے۔ توسیعی استعمال کے اجازت نامے کی درخواست کا طریقہ کار اور اسے مکمل کرنا ملاحظہ کریں (یہاں https://www.schools.nyc.gov/about-us/policies/chancellors-regulations/frequently-used-documents دستیاب ہے) مزید تفصیلات کے لیے۔

**OST – اسکول کے اوقات کار کے بعد:**

نیویارک شہر محکمئہ نوجوانان اور اجتمائی فروغ دہی (DYCD) کے سرمایہ کردہ پروگرامز۔ OST پروگرامز نوجوانوں کے لیے ان اوقات میں جب وہ اسکول میں نہیں ہوتے ہیں، ایک محفوظ اور مددگار ماحول میں انکے سماجی، جذباتی اعانت اور تعلیمی فروغ فراہم کرتے ہوئے کئی قسم کی تقاریب کی پیشکش کرتے ہیں، جیسے کے، اسکول کے بعد، ہفتہ اتوار، چُھٹیوں میں اور اسکول کے بیس (20) دن اور گرمیوں کے تعطیلات کے دوران، جب انکے والدین کام کر رہے ہوتے ہیں۔

**جگہ کی فیس:**

اس نگران ادارے کے لیے اس جگہ پر صارف کو انکے پروگراموں کی کاروائی کی انجام دہی کے لیے درکار اصل استعمال کی جگہ کی تیاری اور صفائی کرنے کے اخراجات۔

**اسپیس (جگہ ) شِیٹ:**

اصل جگہ اور / یا خدمات استعمال کرنے کی اطلاع دینے کے مقصد کے لیے اس اسکول کا نگراں ادارہ ایک فارم تیار کرتا ہے اور اسکی تصدیق صارف کرتا ہے (کبھی اسے بطور **منظور شدہ جگہ کی رپورٹ اور دی جانے والی نگراں خدمات کا فارم** کا بھی حوالہ دیا جاتا ہے)۔ اس رپورٹ کو معاہدے کے تحت آنے والے اصل اخراجات کا تعین کرنے اور اس منظور شدہ اجازت نامے کی درخواست کے حوالے سے اضافی مزدوری کی خدمات کا احاطہ کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے تاکہ مناسب نگراں ادائیگیاں بنائی جا سکیں۔ نگراں فیس کے لیے حساب کتاب اور اسپیس شیٹس کارروائی کے بارے میں مزید معلومات کے لیے ملاحظہ کریں ( یہاں دستیاب ہے-https://www.schools.nyc.gov/about-us/policies/chancellors-regulations/frequently-used-documents)۔

**صارف:**

کوئی بھی فرد، برادری پر مبنی تنظیمیں (CBO)، یا دیگر گروہ جو اسکول کی عمارت کو توسیعی استعمال کے اوقات کے دوران مصرف میں لاتا ہے۔

Department of Education

چانسلر کا ضابطہ

نمبر: **D-180**
موضوع: **اسکول کی عمارتوں کا توسیعی استعمال**
زمرہ: **عملہ**
جاری کردہ: **22 دسمبر، 2022**

## خلاصہ

یہ ضابطہ اسکول کی عمارتوں کے توسیعی استعمال کا احاطہ کرتا ہے۔ یہ تنظیموں اور افراد کے لیے طریقئہ ہائے کار قائم کرتا ہے جو اسکول کے معمول کے اوقات کے بعد اور ان دنوں میں جب بشمول ہفتہ اتوار اور چھٹیوں کے، اسکول سیشن میں نہیں ہوتے، نیویارک شہر اسکول کی عمارتوں کو استعمال کرتے ہیں۔ یہ اس موضوع پر معیاراتی عملی طریقئہ کار کے باب کی جگہ لیتا ہے۔

## تعارف

محکمئہ تعلیم (DOE) اپنے پبلک اسکولوں کو اس توسیعی استعمال کی پالیسی کے تحت استعمال کرنے کی حوصلہ افزائی کرتا ہے۔ اسکول عمارتوں کے پرنسپل حضرات، نگراں انجینئرز / عمارتی منتظمین (نگران ادارہ)، توسیعی استعمال کے ماہرین، کوئی گروہ، فرد اور / یا تنظیم جو اسکول کو استعمال کرنا چاہتی ہیں (صارف)، شعبئہ اسکول سہولیات (DSF)، شعبئہ مالی معاملات (DFO)، اور شعبئہ اسکول معاملات اس توسیعی استعمال کے طریقئہ کار میں کلیدی کردار ہیں۔

## I. اسکول کی عمارتوں کا استعمال

A. اسکول کی عمارتوں کا توسیعی استعمال اس ضابطے، نیو یارک ریاست تعلیمی قانون § 414 اور تمام دیگر قابل اطلاق وفاقی، ریاستی اور مقامی قوانین کے زیرِ تابع ہے۔

B. کسی اسکول کے احاطے کا بنیادی استعمال محکمئہ تعلیم (DOE) کے پروگراموں اور سرگرمیوں کے لیے کیا جانا لازمی ہے۔ محکمئہ تعلیم کے پروگراموں اور سرگرمیوں کے بعد، اسکول کی جگہ کے استعمال کے لیے برادری، نوجوان اور بالغ گروہ کی سرگرمیوں کو ترجیح دی جائے گی۔

C. اس ضابطے کے تحت جاری کیے گئے اجازت نامے صارفین کی تقریبات، پروگرامز اور سرگرمیوں کے لیے محکمئہ تعلیم کی کفالت کے مرحمت نہیں ہیں۔

D. جب نوجوان گروہ اسکول کی جگہ استعمال کر رہے ہوں ذمہ دار بالغ افراد کا ہر وقت موجود رہنا لازمی ہے۔

E. ذاتی نوعیت کی تقریبات (مثلاً، شادیاں، شاورز، منگنی کی تقریبات، برتھ ڈے پارٹیز) کی قطعی ممانعت ہے۔

F. تعلیم، تدریس یا فنون کی کسی بھی شاخ کی تعلیم کے مقاصد کے لیےاجازت نامہ جاری کیے جا سکتے ہیں۔

G. قابل اطلاق قانون کے تحت شہری فورمز اور اجتماعی مراکز کو اجازت نامے جاری کیے جا سکتے ہیں۔

H. اجازت نامے تفریحی، جسمانی تربیت اور ورزشی کھیل (ایھتلیٹکس) بشمول غیر پبلک یا بلا منافع اسکولوں میں جانے والے بچوں کے مقابلہ جاتی ورزشی کھیلوں کے مقابلوں کے لیے جاری کیے جا سکتے ہیں۔



T-35099 OGC 2023 Jan Chancellor Regulation D-180 (Urdu)

I. سماجی، شہری اور تفریحی اجلاسوں اور تفریح کے لیے اور برادری کے دیگر فلاحی استعمال کے لیے اجازت نامے جاری کیے جا سکتے ہیں ۔ اس طرح کے تمام استعمال غیر مشمولی (نان ایکسکلوزیو) اور عوام الناس کے لیے کھلے ہونے چاہئیں۔

J. PTA/PA اجلاسوں کے انعقاد کے لیے اجازت نامے جاری کیے جا سکتے ہیں۔ نیو یارک ریاست تعلیمی قانون §414 کے مطابق ایسے اجلاسوں کو غیر مشمولی اور عوام الناس کے لیے کھلا ہونا چاہیئے۔

K. ورزشی کھیل کے میدان، جم، آڈیٹوریئمز، سوئمنگ پولز اور دیگر بڑی جگہوں کو اس انداز سے شیڈیول نہیں کیا جانا چاہئیے جو دوسروں کے لیے نامناسب رکاوٹیں کھڑی کرنے کا باعث بنیں۔

L. "ٹیک دا فیلڈ"

ٹیک دا فیلڈ کے ورزشی کھیل کے میدان ان خاص CBOs / صارفین کے لیے دستیاب ہیں جنہیں مالی مشکلات کا سامنا ہے۔ بیرونی استعمال کو محکمئہ تعلیم کی پالیسیوں اور طریقئہ کار کے مطابق ہونا چاہئیے اور صرف اسی وقت اجازت دینی چاہئیے جب اس میدان کو اسکا متعلقہ اسکول استعمال نہ کر رہا ہو۔ اس انتظام کا اطلاق صرف کھیلوں کے میدان پر ہوتا ہے، اسکول کی عمارت کے اندر کسی جگہ کے استعمال پر نہیں۔ اگر صارف اس عمارت کے اندر کی جگہ استعمال کرنے کا خواہشمند ہے، بشمول، مگر اس تک ہی محدود نہیں، بیت الخلاء، اگر قابل اطلاق ہے، استعمال کرنے کی فیس ادا کرنا لازمی ہے۔ اس "ٹیک دا فیلڈ" پروگرام کے تحت کئی نئی تزئین شدہ میدانوں کے ورزشی کھیل کے میدانوں میں قابل منتقل بیت الخلاء موجود ہوتے ہیں۔

اس سے قبل کہ کوئی صارف اس ورزشی کھیل کے میدان کے لیے درخواست دے اور اجازت نامے کی کاروائی کا آغاز کیا جائے، پہلے "ٹیک دا فیلڈ" تنظیم سے 212-521-2232 پر رابطہ کرنا ضروری ہے۔ ایک نمائندہ اس صارف کو یہ تعین کرنے کے لیے اس کاروائی کے ذریعے مشورہ دیگا کہ آیا یہ تنظیم / صارف اسکی اہلیت رکھتا ہے کہ قابل اطلاق فیس معاف کر دی جائے۔

M. چانسلر کے ضابطے A-650 کے تحت اسکول کے احاطے کو کاروباری مقاصد کے لیے استعمال نہیں کیا جا سکتا ماسوائے فِلی مارکٹس منعقد کرنے کے لیے (یہاں دستیاب ہیں https://www.schools.nyc.gov/docs/default-source/default-document-library/a-650---urdu.pdf)۔

N. ایسے دیگر استعمال کے لیے اجازت نامے جاری کیے جا سکتے ہیں اگر انہیں قانون اجازت دیتا ہے۔

O. اسکول کے احاطے میں جوا کھیلنے کی اجازت نہیں ہے۔

P. کسی بھی اسکول کی عمارت میں، نوجوان یا بالغ افراد کو الکحل مشروبات بیچنے، استعمال کرنے، پینے پلانے اور / یا پاس رکھنے کی قطعی ممانعت ہے۔

Q. اسکول کی عمارت میں مشروبات / اسنیکس بیچنے کی ممانعت ہے ماسوائے کہ خاص طور پر اجازت نامے پر اسکی اجازت دی گئی ہو۔

R. چانسلر کے ضابطہ A-830 کے تحت کوئی گروہ یا تنظیم جو عوام الناس کو ملاقات یا پروگرام کے لیے اسکول ملکیت میں آنے کی دعوت دیتا ہے وہ کسی کو بھی ناقابلِ اجازت امتیازی وجہ سےشامل نہ ہونے کا نہیں کہہ سکتا (یہاں دستیاب ہے https://www.schools.nyc.gov/docs/default-source/default-document-library/36421-a-830-10-19-2023-final-posted-urdueb87c399202e42b88428d3f9bb5f5487.pdf )۔ اسی طرح، ایسے گروہوں یا تنظیموں پر لازم ہے کہ محکمئہ تعلیم پر خرچہ نہ ڈالتے ہوئے، معذوری کے حامل افراد کو اس اجلاس یا پروگرام میں شرکت کرنے کے لیے درکار، موزوں سہولیات لازماً فراہم کریں۔ ان سہولیات میں ایک ایسا بالغ عملے کا رکن شامل ہو سکتا ہے جس نے نیو یارک ریاست کی ادویات دینے کی تربیت (MAT) کا منظور شدہ کورس مکمل کیا ہو یا جو نیویارک شہر محکمہ برائے صحت اور دماغی صحت (DOHMH) سے یا ریاستی دفتر برائے اطفال اور اہل خانہ (OCFS) کے زیر انتظام سے منظور شدہ ہو، کسی طالب علم کو قانون کے تحت ادویات دینے کا مجاز ہے۔

S. ان مذہبی کلبز کے لیے طلبا کو اجازت نامے جاری کیے جا سکتے ہیں جنکی سرمایہ کاری کسی بیرونی تنظیموں نے کی ہو اور بطور دیگر اس ضابطے کی مطلوبات پر انہی بنیادوں پر پورا اترتے ہوں جس کے تحت ان دیگر کلبز کو جاری کیے جاتے ہیں جنکی سرمایہ کاری بیرونی تنظیموں نے کی ہو۔

T. کوئی بھی صارف جو کسی نیویارک شہر پبلک اسکول کی عمارت استعمال کرنے کا اجازت نامہ حاصل کرتا ہے اسکول کے احاطے کو بطور ڈاک یا کاروباری پتہ استعمال نہیں کر سکتا۔

U. محکمئہ تعلیم، شرکاء کو لگنے والی چوٹ کے فطری اندیشوں کی روشنی میں، کسی تقریب کی اجازت نہ دینے کا واحد استحقاق محفوظ رکھتا ہے۔

V. چانسلر یہ حق محفوظ رکھتا ہے کہ وہ اس ضابطے سے یا اس کے کسی حصے (حصوں) کا استثناء دے، اگر وہ یہ تعین کرتا ہے کہ یہ اس اسکول کے نظام کے بہترین مفادات میں ہے۔ چانسلر سے استثناء حاصل کرنے کی درخواستیں ڈپٹی چانسلر برائے بنیادی ڈھانچہ اور منصوبہ بندی کو براہ راست بھیجنا چاہئیے۔

## II. جائزہ اور اجازت نامے کی درخواست کی منظوری

A. ہر صارف کے پاس اسکول کا احاطہ استعمال کرنے کا ایک منظور شدہ اجازت نامہ ہونا لازمی ہے (توسیعی استعمال کے اجازت نامے کی درخواست کی کاروائی کا طریقئہ کار اور مکمل کرنا ملاحظہ کریں)۔

B. اس اجازت نامے کو **ہر صارف** کی جانب سے مکمل کیا جانا درکار ہے جو چاہتا ہے کہ اس اسکول کی عمارت کو توسیعی استعمال کے اوقات میں استعمال کرے اس سے قطع نظر کہ آیا یہ صارف درکار جگہ اور / یا حفاظت کی فیس (اگر قابل اطلاق ہے) ادا کر رہا ہے یا نہیں۔

C. اس اسکول عمارت کو معمول کے اسکول کے اوقات یا گھنٹوں کے علاوہ جب اسکول کام نہیں کر رہا ہو استعمال کرنے لیے، ایک پبلک چارٹر اسکول کو ایک اجازت نامے کی درخواست دینا لازمی ہے۔

D. پرنسپل حضرات کسی اجازت نامے کو اس بنیاد پر کہ آیا یہ جگہ استعمال کے لیے دستیاب ہے اور یہ کہ صارف نے اس ضابطے کی مطلوبات کی تکمیل کی ہے، منظور یا مسترد کرنے کا فیصلہ کرنے کے ذمہ دار ہیں۔ پرنسپل کے فیصلوں کا انحصار مہتممین کی ٹیموں اور مرکزی محکمئہ تعلیم (DOE) کے جائزے لینے پر منحصر ہوتا ہے۔

E. اس سے قبل کہ پرنسپل کسی بیرونی تنظیم کو اسکول عمارت کو استعمال کرنے کی منظوری دے، ممکنہ صارف کے بارے میں ایک گہری تحقیق کی جانی چاہئیے۔

F. ایسی کسی اجازت نامے کو منظور شدہ نہیں سمجھا جائیگا تاوقتیکہ اس پر صارف کے نمائندے، پرنسپل، اور نگران ادارے (یا انکے نمائندے) کی جانب سے منظوری نہ ہو۔

G. اجازت نامے ناقابل منتقلی ہیں۔ اجازت نامے کا ایک موصول کنندہ اس احاطے کے کسی حصے کو جسکا احاطہ اجازت نامہ کرتا ہے کسی دوسرے صارف کو منتقل نہیں کر سکتا۔

H. اجازت ناموں کو آدھی رات کے بعد تک بڑھایا نہیں جا سکتا تاوقتیکہ شعبئہ اسکول معاملات یا مہتمین کے ٹیموں نے خاص اجازت جاری نہ کی ہوں۔

I. ایسی کسی اجازت نامے کی درخواست منظور نہیں کی جا سکتی جہاں مقرر کردہ دورانیہ ادا کردہ رقم سے تجاوز کرتا ہو۔ تجدید کے لیے ایک نئی درخواست درکار ہے۔ ایک اجازت نامے کے وقت کے دورانیہ کا عرصہ زیادہ سے زیادہ بارہ مہینے ہے یعنی، ایک مالی سال 1 جولائی سے لیکر 30 جون تک۔ اجازت نامے مالی سال سے تجاوز نہیں کر سکتے۔

J. ایک اجازت نامے کا آغاز **اس تقریب کے مقررہ وقت سے کم از کم 30 دن قبل** کر دینا لازمی ہے۔ اگر کوئی اجازت نامہ استعمال نہ کیا جائے، اسکول، توسیعی استعمال کا ماہر یا صارف پر لازم ہے کہ اسے خارج (ڈیلیٹ) کر دے کیونکہ یہ اجازت نامہ اس نظام میں اس وقت تک موجود رہے گا جب تک کوئی کاروائی نہ کی جائے۔ **اسکا اطلاق تعمیراتی ٹھیکے داروں پر نہیں ہوتا جو اسکول / سائٹ کی مرمت اور / یا مکرر تزئین کے ذمہ دار ہیں۔** ایسے تعمیراتی ٹھیکے داروں پر لازم ہے کہ اسکول کے اوقات کار کے بعد عمارت میں داخل ہونے کے لیے ایک

اجازت نامے کی درخواست جمع کرائیں۔ ایک مرتبہ جب پرنسپل اور نگران ادارے سے منظوری حاصل ہو جائے، یہ اجازت نامے بمع ادائیگی کے براہ راست DSF کے پاس جمع کرا دیے جاتے ہیں۔

K. ایک توسیعی استعمال کاجازت نامے کی درخواست پر دستخط کرتے وقت صارف کا ذیل کا اقرار کرنا لازمی ہے کہ:

- اس اجازت نامے کی درخواست میں فراہم کردہ معلومات مکمل ہیں اور صارف کے حق المقدور علم کے مطابق درست ہیں؛
- یہ کہ محکمئہ تعلیم (DOE) نرخ میں تبدیلی کر سکتا ہے؛
- اس ضابطے اور اجازت نامے کی درخواست میں دیے گئے تمام اصولوں اور ضابطوں پر عمل درآمد کیا جائیگا؛
- اسکول کی عمارتوں کے توسیعی استعمال سے متعلق تمام قابل اطلاق اصولوں اور ضابطوں کی پابندی ہوگی؛
- اس سرگرمی کے لیے ہر وقت مناسب نگرانی فراہم کی جائیگی؛
- جب حفاظتی / مجرمانہ واقعات رونما ہوں ایک صارف تنظیم کا واقعہ رونما ہونے کی رپورٹ کا مکمل کیا جانا (یہاں دستیاب ہے https://infohub.nyced.org/docs/default-source/default-document-library/user-organization-incident-report.pdf) اور اسے پرنسپل / نامزد اور / یا اسکول کا حفاظتی اہلکار (SSA) اگر ڈیوٹی پر موجود ہے کو واپس بھیج دینا چاہئیے؛ اور
- محکمئہ تعلیم کو یہ درخواست گزار، کسی دعوے، خسارے یا نقصان سے محفوظ رکھے گا جسکی وجہ درخواست گزار، اسکے اراکین، افسران، اہلکاران، یا کوئی فرد ہو جو صارف کی اجازت سے اس احاطے کو استعمال کر رہا ہو۔

L. اس اجازت کے درخواست پر غلط، نامکمل، یا گمراہ کن معلومات کی فراہمی یا اس ضابطے کی کسی مطلوبات سے ہم آہنگی میں، اور ساتھ ہی کسی بھی دیگر قابل اطلاق قوانین اور ضابطے میں ناکامی جو اس اسکول کی عمارت اور میدانوں سے متعلق ہیں، اس اجازت نامے کی منسوخی، اور مستقبل میں اجازت نامے کی درخواستوں مسترد کیے جانے کا اور محکمئہ تعلیم کی دیگر قانونی کاروائی کرنے کا پیش خیمہ بن سکتا ہے۔

M. محکمئہ تعلیم کسی بھی اجازت نامے کو کسی بھی وقت جب یہ محکمئہ تعلیم کے بہترین مفاد میں ہو منسوخ کر سکتا ہے۔ ہنگامی صورت الحال کو چھوڑ کر، کم از کم ایک ہفتے کی پیشگی اطلاع فراہم کی جائیگی۔ منسوخ کیے جانے کے موقع پر، محکمئہ تعلیم اجازت نامے میں درج اخراجات کی مناسبت سے رقم واپس کریگا۔

N. ہر اجازت نامے کی درخواست میں **بیت الخلاء** کی مناسب تعداد شامل کیا جانا لازمی ہے۔ جہاں ممکن ہو، بالغ مرد / عورت **اور** لڑکا / لڑکی کے لیے الگ بیت الخلاء دستیاب رکھے جانا چاہئیں۔

O. اگر خاص خدمات درکار ہیں، صارف پر لازم ہے کہ پرنسپل سے ایسی خدمات کی سہولت کی منظوری کے لیے درخواست دے۔ ان اضافی اخراجات کا ذمہ دار صارف ہوگا۔ ایسی خدمات میں ذیل شامل ہو سکتی ہیں، مگر انہی تک محدود نہیں:

- حسب ضرورت ائیر کنڈشننگ آلات کا استعمال کرنے کے لیےایک درستگی کی سند کا حامل فرد؛
- ایک تربیت یافتہ فرد کا رکھا جانا جو اسٹیج کے آلات، بشمول روشنی، آواز اور اسٹیج کے سیٹ استعمال کرنا جانتا ہو۔

## III. واقعہ رونما ہونے کی اطلاع

A. غیر محکمئہ تعلیم صارفین پر لازم ہے کہ پرنسپل، اور اسکول کے حفاظتی اہلکار کو اگر وہ ڈیوٹی پر موجود ہوں، صحت، حفاظت، اور طبی واقعات سے بشمول، مگر اسی تک محدود نہیں، مجرمانہ اور غیر مجرمانہ واقعات کے بارے میں فوراً مطلع کریں۔

B. غیر محکمئہ تعلیم صارفین کو ایک صارف واقع کی رپورٹ مکمل کرنا لازمی ہے (یہاں دستیاب ہے۔) https://infohub.nyced.org/docs/default-source/default-document-library/user-organization-incident-report.pdf اور اسے پرنسپل کو اس واقعے کے بعد ایک اسکول دن کے اندر جمع کرا دینا چاہئیے۔ پرنسپل / نامزد کو اس واقعے کے بارے میں معلومات واقعات کی اطلاع کرنے کے آن لائن نظام (OORS) میں لازماً جمع کرانی چاہئیے۔

## IV. اسکول کے احاطے اور ملکیت کی نگہداشت

A. صارف کو اسکول کے احاطے اور ملکیت کو انتہائی نگہداشت کرنے کی کوشش لازماًکرنی چاہئیے؛ اسکول کے کسی حصے کے استعمال سے پیدا ہونے والے کسی بھی نقصان کا ازالہ کرنا چاہئے؛ اور محکمئہ تعلیم (DOE) کو یہ درخواست گزار، کسی دعوے، خسارے یا نقصان سے محفوظ رکھے گا جسکی وجہ درخواست گزار کے اراکین، افسران، اہلکاروں، یا کوئی فرد ہو جو صارف کی اجازت سے اس احاطے کو استعمال کر رہا ہو۔

B. کلاس روم اور دفاتر کو اسی حالت میں چھوڑا جائیگا جیسے انہیں ملے تھے۔ نمائش کردہ تصاویر، کاغذات وغیرہ کو قطعی نہ چھیڑا جائے۔ اگر میزوں کو ادھر ادھر ہلایا گیا ہے، انہیں کمرہ چھوڑنے سے قبل واپس انکے اصلی مقامات پر واپس لانا ہوگا۔

C. تنصیب شدہ نظاموں میں (جیسے کے بجلی، ہیٹنگ، وینٹیلیشن، ائیرکنڈیشننگ ((HVAC)، پلمبنگ، تعمیراتی ) ترمیم یا تبدیلی کرنا منع ہے، چاہے مستقل یا عارضی ہوں، ماسوائے کہ DSF سے اسکی تحریری اجازت حاصل کی جائے۔

D. سائنز، بینرز اور پوسٹرز کے استعمال کرنے پر ذیل کا اطلاق ہوگا:

1. منظور شدہ تقریب کے لیے اسکول کی ملکیت پر سائنز، بینرز یا پوسٹرز کو اسکول کی ملکیت بشمول، مگر اسی تک محدود نہیں، دیواروں، گیٹس، ستونوں، دروازوں، فرش، ایلیویٹرز، عمارت کا سامنے کا حصہ، سائڈ واکس، ہنگامی ٹیلیفونز، روشنی کے ٹاور اور درختوں پر چسپاں نہیں کیا جانا چاہئیے، البتہ یہ کہ انہیں اندرونی اور بیرونی نوٹس بورڈز، نمائشی ڈبّوں یا دیگر مقامات پر جنہیں پرنسپل نے اس تقریب کے وقت مختص کر دیے ہوں، صرف اس مقصد کے لیے لگائے جا سکتے ہیں کہ جس کمرے میں اس سرگرمی انجام دی جا رہی ہو اسکی نشاندہی ہو سکے۔

2. ماسوائے اسکے کہ یہ سرگرمی اسکول، محکمئہ تعلیم یا نیویارک شہر کی سرمایہ شدہ ہو، صارف سے تمام عوامی اطلاعات یا کسی دیگر مواد بشمول میڈیا یا انٹرنیٹ پر ذیلی ترکِ دعویٰ شائع کرنا درکار ہے جس میں اس سرگرمی سے متعلق اس اسکول کا نام یا اسکول کا پتے کی نشاندہی کی گئی ہو جو اسکول کے میدانوں میں منعقد کی جا رہی ہے اور کوئی بھی اشارے جو اس سرگرمی کے وقت اسکول کے اندر اور باہر لگائیں گئے ہوں۔

"یہ سرگرمی / تقریب نیویارک شہر محکمئہ تعلیم یا نیویارک شہر کی کفالت کردہ یا تائید کردہ نہیں ہے۔"

3. یہ ترکِ دعویٰ صاف طور پر اسی انداز اور سائز پر تحریر کیے گئے ہوں جیسے عوامی اطلاعات یا مواد میں استعمال کیے جاتے ہیں۔ اسکول کے نام کا استعمال صرف تقریب کے مقام کی نشاندہی تک ہی محدود رکھا جائے اور اس سے یہ ظاہر نہیں ہونا چاہئیے کہ یہ محکمئہ تعلیم، اسکول اور / یا اسکول کے عملے کی طرف سے کفالت یا حمایت کے ساتھ کیا جا رہا ہے۔

4. دیگر قابل غور معاملات:

- کسی بھی مواد کو چسپاں کرنے سے قبل اسکول کے پرنسپل سے منظوری حاصل کرنا لازمی ہے۔
- اسکول کی ملکیت پر چسپاں تمام مواد پر اس فرد یا تنظیم کی نشاندہی ہونی چاہئیے جو یہ معلومات تقسیم کرنے کی ذمہ دار ہے۔
- اسکول کی ملکیت پر چسپاں مواد کے ذریعے کسی فرد یا گروہوں کو رسوا یا مذاق نہیں اڑایا جا سکتا۔

- اسکول کے املاک پر ذاتی یا کاروباری سرگرمیوں سے متعلق اشتہارات کی اجازت نہیں ہے۔

## .V معاہدات ی اخراجات کی ادائیگی / اسکول کی جگہ کو استعمال کرنے کی فیس

.A گوکہ محکمئہ تعلیم اپنے اسکولوں کے توسیعی استعمال پر کوئی اضافی خرچ (منافع یا متفرق اخراجات ) نہیں لگاتا، چند معاہدتی اخراجات کی ادائیگیاں ہیں (جن کا تعین محکمئہ تعلیم اور نگران انجینیر لوکل 891 کے مابین اخراجات پر اجتمائی اتفاق کا معاہدہ کے ذریعے کیا جاتا ہے)، جیسے اسکول دنوں میں اسکول کے معمول کے اوقات کے بعد اور ہفتہ اتوار، چھٹیوں اور جب اسکول سیشن میں ہو، اسکول میں نگرانی کی خدمات پر آنے والے اخراجات۔ ان اخراجات میں کمی بیشی ہو سکتی ہے جن کا انحصار کئی عوامل پر ہوتا ہے جیسے کہ درکار جگہ کی قسم، دن میں استعمال کرنے کا وقت اور درکار دنوں کی تعداد۔ توسیعی استعمال فیس میں تخفیف کی جا سکتی ہے اگر تقریبات کی منصوبہ بندی ایسے اوقات میں ترتیب دی جائے جن میں اضافی مزدوری کو کم سے کم استعمال میں لایا جائے (مثلا، اسکول دنوں میں سہ پہر کے 3:00 اور شام کے 6:00 بجے کے درمیان، جب استعمال پر کسی فیس کا اطلاق نہیں ہوتا)۔ اسکول کے حفاظتی اہلکاران کے ذریعے حفاظتی خدمات فراہم کرنے کے لیے معاہدتی اخراجات تمام اسکولوں کے صارفین کو منتقل کر دیے جاتے ہیں۔

.B ماسوائے یا بصورتِ دیگر اس ضابطے میں فراہم کردہ، اسکول کے احاطے کو استعمال کرنے کے لیے تمام تنظیموں اور افراد، مثال کے طور پر، برادری پر مشتمل تنظیمیں (CBOs)، دیگر سرکاری ادارے، منتخب افسروں، کو قابل اجازت تقاریب کے انعقاد کرنے کے لیے ادائیگی کرنا درکار ہے، جس میں اسکول یا محکمئہ تعلیم کی برا ہ راست شمولیت نہ ہو، چاہے یہ تقریب اسکول کے طلبا، عملے یا والدین کی شمولیت سے متعلق ہی کیوں نہ ہو۔ اس فیس کا اطلاق ان اسکولوں پر ہوگا جنکا انتظام نگراں انجینئرز اور عمارتی منتظمین دونوں کرتے ہیں۔ محکمئہ تعلیم کا خودکار CPS نظام، نگراں خدمات کے اخراجات کا حساب لگاتا ہے جو استعمال کرنے کی جگہ کی طوالت، جگہ کی نوعیت اور استعمال کا دن / وقت پر مبنی ہوتا ہے۔

.C کسی فیس کا کوئی بھی حصہ بلاواسطہ یا بلواسطہ فائدہ پہنچانے کے لیے یا کسی ایسے اکاونٹ میں جمع نہیں کیا جائے گا جس سے یہ نگراں ادارہ ہمیشہ فائدہ اٹھاتا رہے۔

.D منسوخ کرنا اور باز ادائیگیاں

اگر شیڈیول شدہ اسکول کا استعمال منسوخ کرنا ضروری ہو جائے، اس صارف پر لازم ہے کہ توسیعی استعمال کے ماہر اور اسکول کے متعلقہ نگراں ادارے کو اس منسوخی کی اطلاع مقرر شدہ تقریب کے انعقاد سے کم از کم ایک ہفتے قبل دے۔ صارف اس تقریب کے وقت کو دوبارا مقرر کرا سکتا ہے، جو ترجیحی متبادل ہے، یا متعلقہ توسیعی استعمال کے ماہر سے رقم کی باز ادائیگی کی درخواست کر سکتا ہے۔ اس تقریب کی مقررہ تاریخ سے ایک ہفتے قبل منسوخی کی اطلاع دینے کی ناکامی کی صورت میں اس فیس پر 15% کا ایک اضافی چارج لگایا جائیگا۔ کسی باز ادائیگی کے اجرا کے لیے، وصول کنندہ کا ایک W-9 فارم کا مکمل کیا جانا لازمی ہے جو یہاں دیکھا جا سکتا ہے https://a127-pip.nyc.gov/LoginExternal/Forms/Substitute_W_9_Certification_Form.pdf اور اسے کومپٹرولر کے دفتر میں اس فارم پر نشاندہی کی گئے فیکس یا ڈاک کے ذریعے جمع کرایا جائیگا۔ اسکے علاوہ، اسکول یا توسیعی استعمال کے ماہر پر لازم ہے کہ اس اجازت نامے میں کی گئی ترمیمات کا اندراج کرے اور DFO’s کے بیورو برائے مالی انتظام و اطلاع کو باز ادائیگی کے لیے درخواست بھیجے۔

## .VI خاص کمروں اور آلات کا استعمال

.A جہاں اس ضابطے کے مطابق محکمئہ تعلیم کے ملازمین کی خدمات درکار ہے، ان پر آنے والے تمام اخراجات کا ذمہ دار صارف ہے۔ توسیعی استعمال کا ماہر اور متعلقہ اسکول موجودہ معاہدے کی بنیاد پر اس متعلقہ ملازم کی تنخواہ کی شرح کے مطابق فی سیشن حساب لگائیں گے۔

.B جب شاپ رومز، ہوم اکنامکس رومز، یا ان جیسے خاص آلات کے حامل کمروں کی ضرورت ہو، محکمئة تعلیم کے سندیافتہ عملے کو تفویض کرنا ضروری ہے۔ ایک محکمئة تعلیم کا استاد اور / یا نگراں اداراہ / نامزد کو اسکول کے سازو سامان جیسے اسٹیج لائٹنگ اور آڈیو / وڑیو کے آلات کو استعمال کرنے کے لیے استعمال کیا

جانا لازمی ہے۔ منظوری کی مہر لگے ہوئے اجازت نامے کی ایک نقل کے ساتھ، پرنسپل سے قبل از وقت تحریراً اجازت حاصل کرنا لازمی ہے۔

C. جہاں پر کھانے تیار کرنے کے لیے باورچی کے سازوسامان کا استعمال کیا جانا ہے، دفتر برائے غذا اور غذائیت خدمات (OFNS) کے ایک ملازم کو تفویض کیا جانا لازمی ہے۔

D. سوئمنگ پُولز کے استعمال کے لیے، محکمئہ تعلیم کا ایک سند یافتہ تیراکی کا استاد یا موجودہ امریکی ریڈ کراس برائے آبی تحفظ کے سند یافتہ استاد کو پول کے ہر 25 شرکاء کے لیے تفویض کیا جانا لازمی ہے۔ غیر تدریسی پُول کی تقاریب (سوائے اسکوبا ڈائیونگ کے - ذیل میں ملاحظہ کریں) کے پُول میں شامل تمام شرکاء کو پُول کی کم گہرائی کی جانب اپنے سر اور کاندھوں کو پانی سے اوپر رکھنا لازمی ہے۔ کسی بھی وقت 40 سے زائد افراد اس پُول کو استعمال نہیں کر سکتے۔ سوئمنگ پُول کے استعمال کرنے اور طریقئہ کار سے متعلق نیویارک ریاست محکمئہ صحت اور DOHMH کے قابل اطلاق ضابطوں پر ہر وقت عمل درآمد کرنا لازمی ہے۔ ایسے ضابطوں میں شامل ہیں مگر ذیل کی حد تک ہی محدود نہیں:

- محکمئہ تعلیم کے تمام سوئمنگ پولز میں IIa سطح کی آبی نگرانی کا ہونا لازمی ہے؛ اور،
- آبی نگرانی کا عملہ پول کے اطراف موجود رہیگا اور پول کے شرکاء کو براہ راست نگرانی فراہم کریگا۔ ڈیوٹی پر موجود آبی نگرانی کا عملہ صرف ان سرگرمیوں میں شامل رہیگا جن میں پول کے شرکاء کی براہ راست نگرانی شامل ہوگی۔
- جب تدریسی سرگرمیاں ہو رہی ہوں بشمول، مگر انہی تک محدود نہیں، تیراکی سیکھنے کے پروگرام، جسمانی تعلیم کی کلاسیں اور تیراکی کی ٹیم کی سرگرمیاں، اور درکار نگرانی کا عملہ تدریس فراہم کرے، ہر آبی نگرانی کے عملے کے رکن کے تدریسی سرگرمیوں میں شامل ہونے پر، کم سے کم ایک اضافی عملے کا فرد فراہم کیا جانا لازمی ہے جو کم از کم نگرانی سطح III کے تقاضے کی تکمیل کرتا ہو۔
- جب تدریس کے دوران، ایک آبی نگرانی کے عملے کے سطح III کے رکن کو براہ راست نگرانی کے لیے ایک آبی نگرانی کے عملے کے سطح II کے رکن کی مدد کرنے کے لیے استعمال کیا جا رہا ہو، نگرانی کی سطح III کے رکن کا آبی چوٹ کے بچاو اور ہنگامی حالات پر جوابی ردعمل کی سند کا حامل ہونا لازمی ہے جیسے کے N.Y.C.R.R 10 §6-1.31(c)(2) میں بیان کیا گیا ہے۔
- ہر اسکول کی پُول کی ایک تحریری حفاظتی پالیسی کے منصوبے میں نگرانی کے عملے کے سطح II اور III کے ارکان کی ذمہ داریاں، پُول کے اطراف متعین جگہیں، اور ان کے مابین باہمی عمل کی وضاحت ہونا لازمی ہے تاکہ پیراکی کی مناسب نگرانی اور ہنگامی حالات پر جوابی ردعمل کو یقینی بنایا جا سکے۔
- سوئمنگ پول کے ہر ایک توسیعی استعمال کی اجازت کے ساتھ، درخواست گزار کو مندرجہ بالا درکار سندوں کی فوٹو کاپی اور نگرانی کرنے والے ارکان کی تصویری شناخت کی نقلیں لازماً جمع کرائیں گے جنہیں درخواست گزار استعمال کرینگے جیسے کہ اوپر مطلوب ہے۔ جب نگران عملے میں تبدیلی واقع ہو، اس اجازت نامے کے حامل پر لازم ہے کہ مندرجہ بالا درکار سندوں اور تصویری شناخت کی تجدید شدہ نقلیں جمع کروائے۔ محکمئہ تعلیم کے سوئنگ پولز پر ڈیوٹی دینے والے موجود نگرانی کے تمام عملے کے افراد کے پاس تصویری شناخت کا ہونا لازمی ہے۔
- اسکوبا ڈائیونگ کے استادوں کو ایک سند یا سرٹیفیکیٹ کا حامل ہونا لازمی ہے جس پر خاص تربیت کی نشاندہی کی گئی ہو۔ اسکوبا ڈائیونگ کی تدریس میں شامل پُول کے ہر آٹھ شرکاء (8) کے لیے ایک استاد کا فراہم کیا جانا لازمی ہے۔

## VII. تحفظ

A. **محکمئہ تعلیم کی سرمایہ کاری سے کی جانے والی تقریبات** میں نیویارک شہر محکمئہ پولیس کے شعبئہ اسکول تحفظ (NYPDSSD) کی جانب سے تحفظ فراہم کرنا لازمی ہے۔

B. محکمئہ تعلیم کی سرمایہ کاری سے کی جانے والی تمام تقریبات میں **تقریب کے حاضرین کی بہبود اور اسکول کے املاک کی سالمیت کے لیے مناسب تحفظ فراہم کیا جانا لازمی ہے۔** ایک اجازت نامے کی منظوری سے قبل، پرنسپل کے لیے یہ فیصلہ کرنا لازمی ہے کہ آیا مجوزہ تحفظ اس نوعیت کی سرگرمی کے لیے کافی ہے۔ **ایک پرنسپل فیصلہ کر سکتا ہے کہ ایسے حالات میں جہاں ایک بڑھتا ہوا حفاظتی خدشہ موجود ہو، صارف کو NYPDSSD کے ذریعے فراہم کیے جانے والے تحفظ کے لیے رقم ادا کرنا لازم ہے ( مثال کے طور پر، جہاں ایک بڑا ہجوم متوقع ہو)۔**

C. تحفظ دینے سے متعلق سوالات توسیعی استعمال کے ماہر سے یا بیرونی پروگرام رابطہ کاران سے کیے جانے چاہئیں۔

SSA تحفظ کی ایک درخواست پر کاروائی کی اسپیش شیٹ پر کس طرح عمل کیا جائے اور نگرانی کی فیس (مندرجہ بالا منسلک کردہ) کا حساب کیسے لگایا جائے، اور درکار خدمات کے لیے کس طرح ادائیگی کی جائے، برائے مہربانی تفصیل جاننے کے لیے طریقئہ کار برائے توسیعی استعمال کی درخواست (مندرجہ بالا منسلک کردہ) کی کاروائی اور تکمیل ملاحظہ کریں۔

## VIII. بیمہ

A. محکمئہ تعلیم نے ذیلی تقریبات اور سرگرمیوں کے لیے لازمی بیمہ کے مطلوبات قائم کیے ہیں:

گرمیوں کا کیمپ - ملاحظہ کریں XIV.A

**کارنیوالز** – ملاحظہ کریں XIV.B

**فلی مارکٹس** – ملاحظہ کریں XIV.C

**باکسنگ، کُشتی اور مارشل آرٹس** – ملاحظہ کریں XIII.C

**جسمانی کھیل کی تعلیم یا سرگرمیاں** – ملاحظہ کریں XIV.D

B. محکمئہ تعلیم کو ایک صارف کی جانب سے جو ایک ایسی تقریب یاسرگرمی منعقد کرنے کا اجازت نامہ چاہتا ہے جو مندرجہ بالا VIII.A میں درج کے علاوہ ہے، ایک کاروباری عام ذمہ داری کی بیمہ پالیسی رکھنے اور تمام پریمیئمز ادا کرے جسکی حد ہر واقعہ کے لیے $1,000,000 سے کم نہیں ہونی چاہئیے۔ ایسی پالیسی میں محکمئہ تعلیم اور نیویارک شہر درج ہونگے بشمول انکے متعلقہ افسران اور ملازمین بطور اضافی بیمہ شدہ کے۔ جو تنظیم اس اجازت نامے کی درخواست دے رہی ہے اس پر لازم ہے کہ بیمہ اہلکار کو مطلع کرے کہ ایسی اضافی بیمہ تحفظ کو دفتر برائے بیمہ خدمات فارم CG 20 26 ایک معیاری بیمہ-صنعت گیر فارم کے ساتھ ہم آہنگ ہونا چاہئیے۔ کسی تقریب سے قبل اور بطور ایک شرط، صارف پر لازم ہے کہ پرنسپل کو بیمے کا سرٹیفکٹ فراہم کریں جس میں ایسے بیمہ کی نشاندہی ہو۔

## IX. مرکزی DOE کی جانب سے ادا کردہ فیس (مرکزی بجٹ کے اکاونٹس کے لیے)

A. ذیل کی کوئی فیس نہیں لی جائے گی۔

1. جب قابلِ باز ازادائیگی پروگرامز یا گرانٹس اسکول کے احاطے کے توسیعی استعمال کے لیے براہ راست مکمل سرمایہ کاری کر رہی ہے۔

**2.** ایسی سرگرمیاں جنکی منظوری اسکول نے دی ہوں، اسکول کی جانب سے یا اسکول کے ساتھ شراکت میں کی جائیں۔ **ایسی سرگرمیوں میں شامل ہیں، مگر ضروری نہیں کہ ذیل تک ہی محدود ہوں :**

- والدین کے اجلاس یا فورمز،
- اوپن اسکول ہفتہ یا والدین اساتذہ کانفرنسوں سے متعلق سرگرمیاں؛
- اجتمائی / شہرپیما تعلیمی کونسلوں کے عوامی اجلاس؛

- Beacon پروگرامز؛
- اسکول کے اوقات کار کے بعد (OST) کی سرگرمیاں؛ اور،
- اسکول کلبز اور اسکول کی دیگر سرمایہ کردہ تقریبات۔

3. PTAs/PAs اسکول کی عمارتوں کو مفت استعمال کرنے کے اہل ہیں بشمول اسکول کے اوقات کار کے علاوہ ایک سو دس (110) گھنٹے کے اسکول تحفظ یا حفاظت کی سہولت کے۔ ان اوقات کا اطلاق فی سال بارہ (12) مہینے پر ہوتا ہے اور ناقابل منتقل ہے۔ اگر کسی اسکول کی عمارت میں ایک سے زیادہ PA ہیں، ہر ایک فی سال ایک سو دس (110) گھنٹے کی اہل ہیں۔ چانسلر کے ضابطہ A-660 ملاحظہ کریں (یہاں دستیاب ہے https://www.schools.nyc.gov/docs/default-source/default-document- library/a-660---urdu.pdf)۔

4. شاذ ونادر حالات میں، اسکول کے بجٹ سے ایک بیرونی تنظیم کے لیے توسیعی استعمال کی فیس میں رعایت دی جا سکتی ہے جب اسکول کا پرنسپل ایسی سرگرمی کے لیے منظور دے کہ ان فیسوں کو اسکول بجٹ سے ادا کیا جائنا چاہئیے جو اس متعلقہ اسکول اور برادری کے طلبا اور والدین کو اس اسکول کے موجودہ نصاب میں مدد یا اضافہ کرکے براہ راست تعلیمی خدمات فراہم کر رہی ہے۔

5. مخصوص حالات میں، صارف کی جانب سے اخراجات کی ادائیگی کرنے کے لیے ایک اجتماعی فنڈ کی درخواست دینے پر 65 Court Street, Room 1801, Brooklyn, NY 11201 DFO انتظامی ڈائریکٹر کے ذریعے گرانٹ جاری کی جا سکتی ہے۔

**اس درخواست کو جمع کرانے سے قبل ، بیرونی تنظیموں کو یقینی بنانا چاہئیے کہ ذیلی سوالات پر غور کر لیا گیا ہے:**

- کیا یہ صارف / تنظیم ایک غیر نفعی، § 501 (3)(c) ادارہ ہے؟
- کیا یہ تقریب سہ پہر 3:00 اور شام 6:00 کے درمیان انجام دی جا سکتی ہے؟
- کیا اس تقریب / تنظیم کو متعلقہ اسکول کے پرنسپل کی جانب سے تحریری منظوری مل گئی ہے؟
- کیا یہ تقریب اس متعلقہ اسکول اور برادری کے طلبا اور والدین کو اس اسکول کے موجودہ نصاب میں مدد یا اضافہ کرکے براہ راست تعلیمی خدمات فراہم کر رہی ہے۔
- کیا یہ تقریب / تنظیم ساز و سامان کے ساتھ ایسی خدمت فراہم کر رہی ہے، جو اس توسیعی استعمال اخراجات / فیس کے برابر ہے یا اس سے زیادہ ہے؟
- کیا یہ صارف ماضی کی کوئی مثالیں فراہم کر سکتا ہے جس سے رعایت دینے کے لیے اسکی درخواست پر تشخیص کرنے میں مدد مل سکے ؟
- کیا یہ صارف ثابت کر سکتا ہے (مالی بیانیے اور دیگر مددگار دستاویزات) کہ فیس کے ادا کیے جانے کا نتیجہ اس تنظیم کے لیے شدید مالی مشکلات کا باعث بنے گا؟

## X. آگ سے متعلق ضابطے

بیچی گئی ٹکٹوں کی تعداد یا داخل ہونے والے افراد کی تعداد اس علاقے کے لیے آگ سے متعلق ضابطے کے مطابق درج کی گئی گنجاِش سے زیادہ نہیں ہونی چاہئیں۔

## XI. حصولِ سرمایہ / عطیات / داخلہ فیس

A. ذیل کا اطلاق ہوتا ہے اگر کوئی صارف **داخلہ فیس لے رہا ہے** (اور / یا کسی تقریب کی پہلے سے بیچی ہوئی ٹکٹس ہیں)، یا **رقم موصول کر رہا ہے یا جمع کر رہا ہے، یا عطیات مانگ رہا ہے یا سرمایہ حاصل کرنے کے**

**<u>لیے کسی بھی قسم کی سرگرمی کا انعقاد کر رہا ہے</u>** (بشمول، مگر اسی تک محدود نہیں، مشروبات / اسنیکس کا بیچنے کے):

1. خالص حاصل کردہ رقم (پیشکش پر آنے والے اخرجات کو منہا کر کے ملنے والی آمدنیاں) کو خیراتی یا تعلیمی فائدے کے لیے خرچ کیا جانا لازمی ہے ماسوائے کہ اس کمائی کو کسی مذہبی گروہ یا فرقے کے ادارے، انجمن یا تنظیم کے لیے یا فرٹرنل، خفیہ یا غیر شمولیتی انجمن یا تنظیم ماسوائے ریاستہائے متحدہ کے برّی، بحری اور مرین خدمات کے سابقہ فوجیوں کی تنظیموں، آگ بجھانے والی رضاکار تنظیموں یا ایمبولینس پر کام کرنے والے رضاکارں کے لیے خرچ کیا جائے۔
2. اجازت نامے کی درخواست میں داخلہ فیس کی نشاندہی ہونی لازمی ہے (اگر قابل اطلاق ہے)؛ اور اس تفویض کردہ تنظیم کا نام جو بذریعئہ داخلہ فیس، التماس اور عطیات جمع کرنے سے حاصل شدہ رقم سے مستفید ہوگی۔
3. اس سے قبل کے حتمی منظوری دی جائے، ذیل کو لازماً **<u>اس</u> اجازت نامے کی درخواست کے ساتھ منسلک کرنا چاہئیے** اور اسے موزوں توسیعی استعمال کے ماہر کے پاس رکھا ہونا چاہئیے:

- ایک خیراتی یا تعلیمی تنظیم سے ایک باضابطہ کاغذ پر خط دیا جانا چاہئیے جو یہ رقم وصول کریگی جس میں بیان کیا گیا ہو کہ وہ اس سرمایہ جمع کرنے کی تقریب کی منظوری دیتی ہے اور اس سے حاصل شدہ رقم کو منظور شدہ خیراتی یا تعلیمی مقاصد کے لیے استعمال کیا جائیگا۔ اس خط میں واضح طور پر ان مقاصد کی نوعیت درج ہونی لازمی ہے، (مثال کے طور پر، ایک سینِئر سٹیزن پروگرام کی فراہمی کے لیے)؛
- اس صارف کی جانب سے کیے گئے اخراجات اور متوقع خالص منافع کا مختصر تخمینہ؛ اور،
- اس تنظیم کی جانب سے ایک 501(c)(3)§ ٹیکس کی چھوٹ کا منظور شدہ فارم (غیر محکمئہ تعلیم تنظیم کے لیے) جو یہ آمدنی وصول کرے گی۔

**XII.** **سیاسی اور انتخابی تقاریب** (ضابطہ D-130ملاحظہ کریں ، جو یہاں دستیاب ہے https://www.schools.nyc.gov/docs/default-source/default-document-library/d-130-4-29-2021-final-posted، جو اسکول کی عمارت کو سیاسی مقاصد کے لیے استعمال کرنے کے بارے میں ان طریقہ ہائے کار کو بیان کرتا ہے۔)

A. اسکول کی عمارتیں اور محکمئہ تعلیم کی دیگر سہولیات کو ذیل کے لیے استعمال کیا جا سکتا ہے :

1. پرائمریز، عام انتخابات اور خاص انتخابات کے لیے ووٹرز کا اندراج کرانے کے لیے بطور پولنگ بوتھ؛ اور
2. امیدوار کو منعقد کرنے کے لیے بطور فورمز بشرطیکہ کہ **تمام** امیدواروں کو شرکت کرنے کے لیے مدعو کیا جائے۔ ایسے فورمز کے اجازت نامے کی درخواستوں میں ایک تحریری نمائندگی بیان شامل ہونا لازمی ہے کہ تمام امیدواروں کو شرکت کے لیے مدعو کیا گیا ہے۔ ایک مرتبہ جب اس اجازت نامے، کو مندرجہ بالا منسلکہ بیانیے کے ساتھ اسکول اورتوسیعی استعمال کا ماہر منظور کرلے، اسے یہاں جمع کرا دینا چاہئیے Office of Public Affairs, 52 Chambers Street, New York, NY 10007, 212-374-4947۔

B. اسکول کی عمارتوں کو **سیاسی تقریبات** یا اجلاسوں کے لیے استعمال **نہیں** کیا جا سکتا ماسوائے کہ اسکا مقصد ایک امیدوار کا فورم ہو جیسے کہ اوپر بیان کیا گیا ہے۔

C. کسی بھی اسکول کو توسیعی اوقات میں کوئی بھی فرد، گروہ، تنظیم، کمیٹی، وغیرہ، کسی کی جانب سے، یا کسی منتخب افسر، امیدوار، امیدواران، امیدواروں کا پینل، یا سیاسی تنظیم / کمیٹی کو فائدہ پہنچانے کے لیے استعمال کیا جانا **ممنوع** ہے جیسے کہ جز XII.A.2 میں نشاندہی کی گئی ہے۔

D. اسکول کے بعد کے اوقات میں منتخب افسر، امیدوار، امیدواران، امیدواروں کا پینل، یا سیاسی تنظیم / کمیٹی کے لیے کسی کی جانب سے یا کسی کو فائدہ پہنچانے کے لیے ریلیز نکالنا، فورمز، پروگرامز وغیرہ منعقد کرنا منع ہے جیسے کہ اوپر جز XII.A.2 میں نشاندہی کی گئی ہے۔

E. عوامی دفتر یا منتخب افسر جو دوبارا منتخب ہونا چاہتے ہیں وہ محکمئہ تعلیم کی کوئی بھی عمارت کو بعد از اسکول کاروباری اوقات میں پرائمری اور / یا عام انتخابات سے 60 تقویمی دن پیشتر استعمال نہیں کر سکیں گے، ماسوائے کہ اگر اسکا تعلق براہ راست اس منتخب افسر کی عوامی فرائض اور ذمہ داریوں سے ہو۔

## XIII. دیگر قابل غور امور

A. جمنیزیئم میں ایتھلیٹک سرگرمیوں میں شرکت والوں کو مناسب جوتے اور اپیریل (لباس) پہننا لازم ہے۔

B. اسکول کے احاطے کے اندر بخشِشیں نہ ہی طلب کی جا سکتی نہ ہی دی جا سکتی ہے۔

C. CBOs یا دیگر تنظیمیں جو مکہ بازی، کُشتی یا مارشل آرٹس کے پروگرام اسکول کے احاطے میں منعقد کرانا چاہتی ہیں، انھیں ذیلی معیارات کی پابندی کرنا لازمی ہے:

1. اس تقریب کی اجازت کسی منظور شدہ تنظیم نے دی ہو جو ایسی تقریبات منعقد کرانے کے لیے تشکیل دی گئی ہوں۔ ایک مثال کے طور پر، گولڈن گلوو باکسنگ ایک قومی منظور شدہ تقریب ہے جو یو ۔ایس۔ اولمپک کمیٹی کے زیر اہتمام منعقد کیے جاتے ہیں۔

2. کسی بھی مکہ بازی، کُشتی یا مارشل آرٹس کی تقریب کی سرمایہ کاری کرنے والی تنظیم کو عام کاروباری قابل تلافی (کمرشل جنرل لائبیلٹی ) بیمہ پالیسی کو قائم رکھنا اور اسکی تمام پریمیمز ادا کرنا چاہئے جسکی حد ہر واقع کے لیے $1,000,000 سے کم نہ ہو، اور ایک مجموعی قابل تلافی پالیسی (پالیسیاں) ہو جسکی حد ہر واقعہ کے لیے $5,000,000 سے کم نہ ہو۔ ایسی تمام پالیسیوں میں محکمئہ تعلیم اور نیویارک شہر درج ہونے چاہئیں بشمول انکے متعلقہ افسران اور ملازمین بطور اضافی بیمہ شدہ کے، جسکا تحفظ کم از کم اتنا ہی وسیع ہونا چاہئیے جتنا کے دفتر برائے بیمہ خدمت (ISO) فارم CG 20 26 میں فراہم کیا گیا ہے۔ کسی تقریب سے قبل بطور ایک شرط، سرمایہ کاری کرنے والی تنظیم پرنسپل کو بیمے کا ایک سرٹیفکیٹ فراہم کریگی جس میں ایسے بیمے کا ثبوت موجود ہو۔

3. سرمایہ کاران یہ جانتے ہیں اور اقرار کرتے ہیں کہ وہ محکمئہ تعلیم کے اسکول تحفظاتی افسران (SSAs) کے فراہم کردہ تحفظ پر آنے والے مکمل اخراجات ادا کرینگے۔ SSAs کی تعداد کا تعین محکمئہ تعلیم کا دفتر برائے اسکول تحفظ کریگا۔ تحفظ کے تخمینہ شدہ اخراجات قبل از وقت ادا کرنا لازمی ہے۔

4. ہو سکتا ہے یہ تقریب نفعئی مقاصد کے لیے نہ ہو اور تمام آمدنی (جیسے داخلہ فیس، اخراجات وغیرہ) کسی منظور شدہ خیراتی یا تعلیمی تنظیم کو لازماً دی جانی چاہیئے جیسے کہ جُز XI میں بیان کیا گیا ہے۔

D. محکمئہ تعلیم، شرکاء کے مجروح ہونے کے فطری خدشے کی روشنی میں کسی تقریب کو منع کرنے کا قطعی استحقاق محفوظ رکھتا ہے۔

E. بیرونی تنظیموں / صارفین کے لیے اسکول کے میدان یا دیگر اسکول کے املاک میں پارکنگ کرنے کی سہولت کی ممانعت ہے۔

## XIV. سمر ڈے کیمپس، کارنیوالز، نمائشیں، فلی مارکِٹس اور جسمانی ٹکراؤ والے کھیل (کانٹیکٹ اسپورٹس) تعلیم/ تقاریب

A. سمر ڈے کیمپس

سمر ڈے کیمپس کی اجازت حسبِ ذیل بیان کردہ کاروائی کے تحت دی گئی ہے:

1. کیمپس کی کاروائی کو لازماً ذیل کے تحت ہونا چاہئیے:

- غیر منافع بخش ہوں؛

- برادری کی بنیاد پر ہوں؛
- اس برادری کے تمام اہل بچوں کے لیے کھلے ہوں؛ اور،
- ضروری بیمے کے حامل ہوں۔

2. صارف کو چاہئیے کہ ایک عام کاروباری قابل تلافی بیمہ پالیسی کو قائم رکھے اور اسکی تمام پریمیمز ادا کرتا رہے جسکی حد ہر واقعہ کے لیے $1,000,000 سے کم نہ ہو ، اور ایک مجموعی قابل تلافی پالیسی (پالیسیاں) ہو جسی حد ہر واقعہ کے لیے $5,000,000 سے کم نہ ہو۔ ایسی تمام پالیسیوں میں محکمئہ تعلیم اور نیویارک شہر درج ہونے چاہئیں بشمول انکے متعلقه افسران اور ملازمین بطور اضافی بیمہ شدہ کے، جسکا تحفظ کم از کم اتنا ہی وسیع ہونا چاہئیے جتنا کے دفتر برائے بیمہ خدمت (ISO) فارم CG 20 26 میں فراہم کیا گیا ہے۔ کسی تقریب سے قبل اور بطور ایک شرط، صارف پر لازم ہے کہ پرنسپل کو بیمے کا سرٹیفکٹ فراہم کرے جس میں ایسے بیمہ کی نشاندہی ہونی چاہئیے۔
3. یہ کیمپ، سمر ڈے کیمپس کی کاروائی کے لیے درکار قابل اطلاق قوانین اور ضابطوں کے تحت تمام لائسنسس، اجازت نامے وغیرہ حاصل کریگا اور برقرار رکھے گا۔
4. یہ کیمپ بذریعئہ تحریر تمام درخواستوں اور / یا اندراج فارمز پر کیمپرز کے والدین یا سرپرستوں کو مشورہ دیگا کہ:

**یہ <u>(Name of the Camp)</u> نیویارک شہر محکمئہ تعلیم کا کوئی پروگرام نہیں ہے یا نہ ہی بصورت دیگر اسکا سرمایہ کردہ ہے۔**

5. تحریری اطلاع دینے کے پانچ (5) دن کے اندر چانسلر یا اسکے نامزد کے لیے سمر ڈے کیمپ کی کاروائیوں سے متعلق کتابیں اور ریکارڈز جانچنے اور نقلیں بنانے کے لیے دستیاب ہونا چاہئیں۔

**B. کارنیولز اور نمائشیں**

کارنیولز اور نمائشوں کی اجازت حسبِ ذیل کے تحت دی جاتی ہے:

1. صارف کو چاہئیے کہ ایک عام کاروباری قابل تلافی بیمہ پالیسی کو قائم رکھے اور اسکے تمام پریمیمز ادا کرتا رہے جسکی حد ہر واقعہ کے لیے $1,000,000 سے کم نہ ہو۔ ایسی پالیسی میں محکمئہ تعلیم اور نیویارک شہر درج ہونے چاہئیں بشمول انکے متعلقه افسران اور ملازمین بطور اضافی بیمہ شدہ کے، جسکا تحفظ کم از کم اتنا ہی وسیع ہونی چاہئیے جتنا کہ دفتر برائے بیمہ خدمت (ISO) فارم CG 20 26 میں فراہم کیا گیا ہے۔ اگر اس کارنیوال یا نمائش میں کسی کاروباری کمپنی کی جانب سے فراہم کردہ "رائڈز"، "مون واکز" یا دیگر سہولیات شامل ہیں، صارف یقینی بنائیگا کہ ایسی کمپنی کے پاس ایک عام کاروباری قابل تلافی بیمہ پالیسی موجود ہے جسکی حد ہر واقعہ کے لیے $1,000,000 سے کم نہ ہو، اور ایک جامع قابل تلافی پالیسی (پالیسیاں) جسکی حد ہر واقعہ کے لیے $5,000,000 سے کم نہ ہو، جس میں صارف، محکمئہ تعلیم اور نیویارک شہر درج ہونے چاہئیں بشمول انکے متعلقه افسران اور ملازمین بطور اضافی بیمہ شدہ کے، جسکا تحفظ کم از کم اتنا ہی وسیع ہونا چاہئیے جتنا کہ دفتر برائے بیمہ خدمت (ISO) فارم CG 20 26 میں فراہم کیا گیا ہے۔ کسی تقریب سے قبل بطور ایک شرط، سرمایہ کاری کرنے والی تنظیم پرنسپل کو بیمے کا ایک سرٹیفیکیٹ فراہم کریگی جس میں ایسے بیمے کا ثبوت موجود ہو۔
2. DOHMH (کھانے پیش کرنے کی صورت میں) اور معاملات برائے صارفین (کنزیومرز افئیرز)(رائڈز ہونے کی صورت میں) سے حاصل کردہ لائسنسس / اجازت ناموں کو درخواست دینے کے وقت توسیعی استعمال کے ماہر کو پیش کرنا لازمی ہے۔
3. یہ صارف کی ذمہ داری ہے کہ یقینی بنائے کہ جو بھی ساز و سامان / آلات اسکول کی ملکیت کے اندر لائے جائیں وہ قانون کے تحت اور اسکے نقشے کے مطابق نصب ہوں، اور یہ کہ ساز و سامان / آلات

کے وزن، اونچائی اور فاصلہ رکھنے کے حدود کے بارے میں مکمل غور کر لیا گیا ہے۔

4. ایسی کسی رائڈز اور سازوسامان / آلات کی اجازت نہیں دی جائیگی جس میں سازوسامان / آلات یا رائڈز کو محفوظ کرنے کے لیے زمین کی سطح کو کھودنا پڑے یا گاڑنا درکار ہو۔

C. فلی مارکِٹس (یہاں پر دستیاب چانسلر کا ضابطہ A-650 ملاحظہ کریں https://www.schools.nyc.gov/docs/default-source/default-document-library/a-650---urdu.pdf)جس میں ان شرائط کو بیان کیا گیا ہے جس کے تحت محکمئہ تعلیم کے املاک پر فلی مارکٹس اور چند دیگر فلی مارکٹس کی طرح کے پروگرامز کا آغاز کیا جائے اور انعقاد کیا جائے۔

1. اس سے قطع نظر کہ ان فلی مارکٹس کا دورانیہ کیا ہے، کسی فلی مارکٹ کے انعقاد کے نتیجے میں حاصل کی گئی تمام رقم کو اس بنیادی مقصد کے لیے جمع کر کے اس سے اسکول کی تعلیم، سماجی اور ثقافتی پروگرامز کو لازماً فائدہ پہنچایا جائے۔

2. انجمنِ والدین / PTA (سرمایہ لگانے والی تنظیم) کو اس متعلقہ اسکول کے پرنسپل اور نگراں ادارے سے توسیعی استعمال کا اجازت نامہ کو لازماً منظور کرانا ہوگا تاکہ اس اسکول کو توسیعی اوقات کے دوران استعمال کیا جا سکے۔ فلی مارکٹس کے لیے اجازت نامہ حاصل کرنے کا طریقہ وہی ہے جیسا کہ کسی اور صارف کے لیے ہوگا جو محکمئہ تعلیم کے اسکولوں کو جب وہ کام نہیں کر رہے ہوں، استعمال کرنا چاہتے ہیں۔ کسی تقریب کو شروع کرنے اور جگہ کے لیے قابل اطلاق فیس اس منظور شدہ اجازت نامے کے ساتھ لگائی جائیگی اور اسے توسیعی استعمال کے ماہر کے پاس بھیج دیا جائیگا۔

3. صارف کے لیے ضروری ہے کہ مناسب تحفظات حاصل کرے تاکہ اس فلی مارکٹ میں شرکت کرنے والوں اور اسکول کی املاک کی سالمیت کو یقینی بنایا جا سکے۔

4. صارف ایک عام کاروباری قابل تلافی بیمہ پالیسی کو قائم رکھے گا اور اسکے تمام پریمیمز ادا کریگا جسکی حد ہر واقعہ کے لیے $1,000,000 سے کم نہ ہو، اور ایک مجموعی قابل تلافی پالیسی جسکی حد ہر واقعہ کے لیے $3,000,000 سے کم نہ ہو۔ ایسی تمام پالیسیوں میں محکمئہ تعلیم اور نیویارک شہر درج ہونے چاہئیں بشمول انکے متعلقہ افسران اور ملازمین بطور اضافی بیمہ شدہ کے، جسکا تحفظ کم از کم اتنا ہی وسیع ہونا چاہئیے جتنا کہ دفتر برائے بیمہ خدمت (ISO) فارم CG 20 26 میں فراہم کیا گیا ہے۔ کسی تقریب سے قبل بطور ایک شرط، صارف پرنسپل کو بیمے کا ایک سرٹیفیکیٹ (سرٹیفیکیٹس) فراہم کریگا جس میں ایسے بیمے کا ثبوت موجود ہو۔

D. جسمانی ٹکراو کے کھیل کی تدریس یا تقاریب

1. کسی بھی جسمانی ٹکراو کی تدریس یا تقاریب کے لیے سرمایہ کار تنظیم ایک کمرشل عام قابل تلافی بیمہ پالیسی کو قائم رکھے گی اور اسکے تمام پریمیمز ادا کریگی جسکی حد ہر واقعہ کے لیے $1,000,000 سے کم نہ ہو ، اور ایک مجموعی قابل تلافی پالیسی جسکی حد ہر واقعہ کے لیے $3,000,000 سے کم نہ ہو۔ ایسی تمام پالیسیوں میں محکمئہ تعلیم اور نیویارک شہر درج ہونے چاہئیں بشمول انکے متعلقہ افسران اور ملازمین بطور اضافی بیمہ شدہ جسکا تحفظ کم از کم اتنا ہی وسیع ہونا چاہئیے جتنا کہ دفتر برائے بیمہ خدمت (ISO) فارم26 CG 20 میں فراہم کیا گیا ہے۔ کسی تقریب سے قبل بطور ایک شرط، سرمایہ کاری کرنے والی تنظیم پرنسپل کو بیمے کا ایک سرٹیفیکیٹ فراہم کریگی جس میں ایسے بیمے کا ثبوت موجود ہو۔

E. محکمئہ تعلیم کسی بھی قسم، سطح، یا بیمے کی شرائط طلب کرنے کا حق محفوظ رکھتا ہے جسے وہ کسی بھی تقریبات یا سرگرمیوں کے لیے موزوں سمجھتا ہو جیسے کہ مندرجہ بالا XIV.A.-D میں بیان کیا گیا ہے۔

## XV. استفسارات

اس ضابطے سے متعلق استفسارات شعبئہ برائے اسکول آپریشنز سےExtendedUse@schools.nyc.gov پر کیے جانے چاہئیں۔ توسیعی استعمال کے اجازت نامے سے متعلق تمام کاغذی کاروائی شعبہ برائے اسکول آپریشنز انجام دیتا ہے۔